# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ:2 | جماعت:دوم | مضمون:اردو |
| ہفتہ:3 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام:"ہمارا سبز ہلالی پرچم" | | |

**مقاصد:** سبق کا پسندیدہ پیراگراف سنا سکیں۔

ہم آواز الفاظ کی جوڑیاں بنا سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔ صفحہ نمبر 25

## تحریکی سرگرمی: (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 25 کے سوال نمبر 4 کی سرگرمی کروانے کے لیے بچوں کو ایک دائرے میں بٹھائیں اور خود درمیان میں بیٹھ جائیں۔
- اب بچوں سے ان کے روزمرہ کے مشاغل اور دلچسپیوں کے بارے میں پوچھیں۔
- اس سرگرمی سے ہر بچہ اپنی اپنی پسند اور ناپسند کے بارے میں بتائے گا۔
- جس سے استاد کو ہر بچے کو انفرادی طور جاننے میں مدد ملے گی۔
- اس کے بعد بچوں سے پوچھیں کہ کس کس بچے کو سبق "ہمارا سبز ہلالی پرچم" پسند آیا ہے؟
- سبق میں موجود کون سی معلومات آپ کو اچھی لگی ہیں؟
- سبق میں موجود کون سا پیراگراف آپ کو پسند آیا ہے؟
- اس سرگرمی کو مکمل کروانے کے لیے جماعت کو جوڑیوں میں تقسیم کریں اور بچوں سے سبق "ہمارا سبز ہلالی پرچم" میں سے ان کا پسندیدہ پیراگراف سنیں۔
- سب سے درست پیراگراف کی پڑھائی کرنے والی جوڑی کو شاباش دیں۔

## تدریسی طریقہ کار:(25منٹ)




- ہم آواز الفاظ کا تصور سمجھانے کے لیے بچوں کو بتائیں کہ جن الفاظ کی آواز سننے میں ایک جیسی ہو انھیں ہم آواز الفاظ کہتے ہیں۔
- تصور کی پختگی کے لیے بورڈ پر چارٹ پیپر کے بنے ہوئے پانچ سیبوں کے آدھے حصے چسپاں کر دیں جن پر ہم آواز الفاظ لکھے ہوں(ایک سیب پر دو ہم آواز الفاظ لکھے ہونے چاہییں۔)
- سیب کو درمیان میں سے اس طرح کاٹیں کہ اس کے دونوں حصوں پر ایک ایک ہم آواز لفظ ہو۔
- ایک ٹوکری میں ان سیبوں کے باقی آدھے حصے رکھ دیں جن پر انھی الفاظ کے ہم آواز الفاظ لکھے ہوں۔
- اب کوئی لفظ بولیں۔ پھر کمرا جماعت میں سے کسی بچے کو بلا کر اس سے کہیں کہ وہ ٹوکری میں سے اس لفظ کے ہم آواز لفظ پر مشتمل سیب کا آدھا حصہ ڈھونڈ کر نکالے اور پھر اس کی ادائی کرتے ہوئے اس کو اس سے متعلقہ ہم آواز لفظ پر مشتمل سیب کے حصے کے ساتھ بورڈ پر چسپاں کرے۔
- اس طرح یہ سرگرمی مختلف بچوں سے کروائیں۔ جو بچے یہ کام بہتر طور پر کریں گے وہ یہ مقابلہ جیت جائیں گے۔




- کتاب کے صفحہ نمبر 25 پر موجود سوال نمبر 5 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے بورڈ پر کتاب میں موجود ہم آواز الفاظ لکھیں۔
- اب چند ہم آواز الفاظ کی ادائی کر کے بچوں سے پوچھیں کہ یہ کون سے الفاظ ہیں؟
- درست جواب کی صورت میں شاباش دیں بصورت دیگر اصلاح فرما دیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم، ہم آواز الفاظ کی جوڑیاں بنائیں گے۔
- اب بچوں کے ساتھ کھیل کھیلیں، جس کا نام ہے: "نمبر بتاؤ۔۔۔بوجھ کر دکھاؤ" جماعت میں جانے سے پہلے ہم آواز الفاظ کے 10 کارڈ اور اسٹیکی نوٹ پر 1 سے 10 تک گنتی لکھ کر تیار کرلیں۔
- اس کھیل کے لیے تختہ تحریر پر ہم آواز الفاظ کے 10 کارڈ چسپاں کریں۔ ہر کارڈ کے اوپر اسٹیکی نوٹ چسپاں کریں۔
- بورڈ کے ایک جانب ہم آواز الفاظ کا کالم بنالیں اور درست ہم آواز الفاظ نکلنے پر اس کالم میں ساتھ ساتھ لکھتے جائیں۔
- کسی ایک بچے سے کہیں کہ وہ کوئی نمبر بولے اس نمبر کا اسٹیکی نوٹ ہٹا دیں۔
- اس اسٹیکی نوٹ کے نیچے جو کارڈ پر لفظ لکھا ہے وہ بورڈ پر ہم آواز الفاظ والے کالم میں لکھ دیں۔
- اب باقی بچوں سے پوچھیں کہ آپ کے خیال میں اس لفظ کا ہم آواز لفظ کس اسٹیکی نوٹ کے نیچے چھپا ہے۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ ہاتھ اٹھائیں پھر کسی بچے کو نمبر بتانے کا کہیں۔
- بتائے گئے نمبر کا اسٹیکی نوٹ پہلے تھوڑا سا خود اٹھا کر دیکھیں۔
- اس سے بچوں میں تجسس بڑھے گا۔ اگر تو اس کے نیچے اسی لفظ کا ہم آواز ہو تو اسے ظاہر کر دیں اور اس بچے کے لیے تالیاں بجوائیں اور ہم آواز الفاظ والے کالم میں لکھے ہوئے لفظ کے سامنے اس کا ہم آواز لفظ لکھ دیں۔
- اگر کوئی اور ہم آواز لفظ ہو تو کہیں "نہیں" یہ درست جواب نہیں ہے۔ پھر کسی اور بچے کو نمبر بتانے کا موقع دیں۔
- درست جواب پر ان کارڈ کے اوپر سے اسٹیکی نوٹ ہٹا دیں۔ کھیل مکمل ہونے پر ہم آواز الفاظ با آواز بلند پڑھائیں۔
- اس کے بعد کتاب کا کام مکمل کروائیں۔

**اعادہ:** (3منٹ) بچوں کو مختصراً جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروا دیں۔

**جائزہ:** (5منٹ) بورڈ پر چند ہم آواز الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں سے ہم آواز الفاظ کی جوڑیاں بنوائیں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے اور ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

# ورک شیٹ

دیے گئے الفاظ میں سے ہم آواز الفاظ کی جوڑیاں بنا کر دی ہوئی جگہ پر لکھیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| آن | بولا | کھونے | رانی |
| رات | سونے | کھولا | من |
| بات | بان | پانی | دھن |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ:2 | جماعت: دوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ:3 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | | سبق کا نام: "ہمارا سبز ہلالی پرچم" | |

**مقاصد:** الفاظ کے جملے لکھ سکیں۔

سبق میں لکھا مکالمہ بلند آواز میں پڑھ سکیں۔

ایک سے تیس تک گنتی لکھ اور پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔ صفحہ نمبر 26، آئس کریم اسٹکس، جار۔ ڈبا، بچوں کے ناموں کی پرچیاں

## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)






- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کرکے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- نمونے کے طور پر آئس کریم اسٹک دی جارہی ہیں ایسی ہی استاد صاحب بھی تیار کرلیں۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 26 پر موجود سوال نمبر 6 کی سرگرمی کو مکمل کروانے کے لیے کچھ آئس کریم اسٹک لیں اور ان پر کتاب کے صفحہ نمبر 26 کے تمام الفاظ لکھ لیں اور ایک جار میں رکھ لیں۔
- جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کرلیں اور ایک کو سرخ گلاب کا نام دیں اور دوسری ٹیم کو سورج مکھی کا نام دیں۔
- نام دینے کے بعد ان ٹیموں کو الگ الگ بٹھالیں۔
- اب بچوں کو کہیں کہ وہ ایک ایک کرکے آئیں اور جار میں سے ایک ایک آئس کریم اسٹک اُٹھائیں اور اس پر لکھے ہوئے لفظ کا جملہ بنائیں، یہ سرگرمی ساری جماعت سے کروائیں درست اور جلدی جملے بنانے والے کے لیے تالیاں بجوائیں۔
- اس کے بعد بورڈ پر ایک طرف سارے الفاظ لکھیں اور دوسری طرف الفاظ کے جملوں کی ترتیب خراب کرکے لکھ دیں۔
- اور دونوں گروہوں کو ہدایت دیں کہ وہ ان کی ترتیب درست کرکے لکھیں۔
- جو گروہ سب سے جلد یا الفاظ کے مطابق جملے کی ترتیب درست کرکے لکھے گا وہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔
- اس کی حوصلہ افزائی کے لیے جیتنے والی ٹیم کو انعامات دیے جائیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)



- کتاب کے صفحہ نمبر 26 پر موجود سوال نمبر 7 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے جماعت کو تین گروہوں میں تقسیم کریں۔
- بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ سبق "ہمارا سبز ہلالی پرچم" کی خاموش پڑھائی کریں۔
- بچوں سے پوچھیں کہ ان کو سبق میں موجود کون سا مکالمہ پسند آیا ہے؟
- پسندیدگی کی وجہ بھی بتائیں۔
- اس کے بعد تینوں گروہوں کو باری باری بلائیں اور ان سے ان کا پسندیدہ مکالمہ بلند آواز میں سنیں۔

| |
|---|
| • اپنا پسندیدہ مکالمہ بلند آواز میں پڑھیں۔<br>• اس کے بعد کتاب کے صفحہ نمبر 26 کے سوال نمبر 8 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے ایک ڈبے میں بچوں کے ناموں کی پرچیاں لکھ کر ڈال لیں۔<br>• ڈبے کو ہر بچے کے سامنے لے کر جائیں جس بچے کا نام پرچی سے نکلے گا اس سے سوال میں موجود ہندسی اور لفظی گنتی کی پڑھائی کروائیں۔<br>• جہاں بچہ کسی لفظ کا تلفظ غلط ادا کرے وہاں سے اگلے بچے کو پڑھنے کے لیے کہیں۔<br>• اسی طرح جماعت کے تمام بچوں کے ساتھ یہ عمل دہرائیں۔ آخر میں ایک مرتبہ استاد صاحب گنتی کی درست تلفظ سے پڑھائی کریں تا کہ ان بچوں کا تلفظ بھی درست ہو سکے جن کو پڑھنے میں مشکل محسوس ہو رہی تھی۔ |
| **اعادہ:** (3منٹ) بچوں کو مختصراً جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروا دیں۔ |
| **جائزہ:** (5منٹ) متفرق بچوں سے کتاب میں موجود ہندسی اور لفظی گنتی سنیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: دوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام: "ہمارا سبز ہلالی پرچم" | |

**مقاصد:** حروف جار کے بارے میں پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔ صفحہ نمبر 26 اور 27

## تحریکی سرگرمی: (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 26 اور 27 پر موجود سوال نمبر 9 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے بچوں کی تعداد کے مطابق تین مختلف رنگوں کی ٹافیاں لیں، انھیں ایک ٹوکری میں ڈال کر جماعت میں لائیں۔
- اب ہر بچے کو ایک ایک ٹافی دیں اور انھیں کہیں کہ ٹافی کھانے کے بعد اس کا کاغذ اپنی اپنی مٹھی میں بند کر لیں۔
- جب سب بچے ٹافی کھالیں تو بچوں کو ہدایت دیں کہ اب اپنی مٹھی کھولیں اور جن بچوں کے پاس کسی ایک رنگ کے کاغذ ہیں ان ان بچوں کے گروہ بنالیں جو اگلی سرگرمی کروانے کے لیے ضروری ہیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25منٹ)

اب بورڈ پر چند جملے لکھیں جیسے:

- رضیہ شہر رہتی ہے۔
- نرگس پانی پیا۔
- اسد امجد مارا۔
- ساجد کرسی بیٹھا ہے۔
- جماعت کے متفرق بچوں سے ان جملوں کی پڑھائی کروائیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ کیا انھیں جملوں میں کی گئی بات سمجھ آ گئی ہے؟
- بچوں سے انفرادی طور پر اس بات کا جواب لیں۔
- اس کے بعد بورڈ پر دوبارہ جملے لکھیں۔
- رضیہ شہر <u>میں</u> رہتی ہے۔
- نرگس <u>نے</u> پانی پیا۔
- اسد <u>نے</u> امجد <u>کو</u> مارا۔
- ساجد کرسی <u>پر</u> بیٹھا ہے۔
- ایک مرتبہ پھر بچوں کو بورڈ پر لکھے جملے پڑھنے کو کہیں۔



- جملوں کی پڑھائی کے بعد بچوں سے پوچھیں کہ کیا اب بات پوری طرح سمجھ آگئی ہے؟
- بچوں سے انفرادی طور پر اس بات کا جواب لیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ پہلے جملوں میں الفاظ کے درمیان ربط یعنی تعلق نہیں تھا جس کی وجہ سے بات اچھی طرح سمجھ نہیں آرہی تھی جب کہ دوبارہ لکھے گئے جملوں میں ربط یعنی تعلق موجود تھا اس لیے جملوں میں کی گئی بات سمجھ میں آگئی ہے۔
- الفاظ کے درمیان ربط اور تعلق قائم کرنے والے حروف کو "حروف جار" کہتے ہیں۔
- اب بچوں کے چار گروہ بنا کر انھیں پلاسٹک کے بند انڈے دے دیں، جن کے اندر حروف "میں، سے، نے، تک، کو اور پر" کے حروف ہوں جو کاغذ کی پرچیوں پر لکھے ہوئے ہوں۔
- ساتھ انھیں ایک ایک شیٹ دیں جن پر حروف جار لکھنے کے لیے پانچ پانچ نامکمل جملے لکھے ہوں۔
- ہر گروہ کے حصے میں ایک شیٹ اور حروف جار کے حروف پر مشتمل انڈے آئیں گے۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ بند انڈے کو کھولیں، اس میں سے حروف کی پرچیاں نکال کر پڑھیں اور شیٹ پر موجود جملوں میں درست حروف جار لکھ کر جملے مکمل کریں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد تمام گروہوں کی جملوں پر مشتمل شیٹس چیک کریں اور درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیں۔
- ایک مرتبہ بچوں کو فراہم کردہ شیٹس کے نامکمل جملے بورڈ پر لکھیں جن کو حروف جار کی مدد سے مکمل کرنا ہے۔
- اس کے بعد ایسے بچوں کو شیٹ سمیت بلائیں جن کے جملے غلط تھے یا جو ایسی سرگرمیوں میں حصہ لینے میں جھجک محسوس کرتے ہوں۔
- ان سے کہیں کہ ان کے پاس کون سے جملوں پر مشتمل شیٹ آئی ہے؟
- ان جملوں کو بورڈ پر لکھے جملوں میں سے پہچانیں اور درست حروف جار لکھ کر جملے مکمل کریں۔ جملے مکمل کرنے میں بچوں کی بھرپور مدد کریں۔
- اسی طرح یہ سرگرمی باقی بچوں سے بھی کروائیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو مختصراً جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروادیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر چند نامکمل جملے لکھیں جن میں حروف جار لکھنے کے لیے جگہ خالی ہو۔ متفرق بچوں کو بلا کر ان سے جملے مکمل کروائیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے اور ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

# ورک شیٹ

دیے گئے جملوں میں درست جگہ پر حروف جار لگا کر جملے دوبارہ لکھیں۔

| | |
|---|---|
| امی روٹی پکائی۔ | |
| فاختہ درخت بیٹھی ہے۔ | |
| اسد صبح سے شام کام کیا۔ | |
| مالی پودوں پانی دیتا ہے۔ | |
| نادر بازار سودا لایا۔ | |
| اپنی پڑھائی توجہ دو۔ | |
| قلم لکھو۔ | |
| آسمان تارے ہیں۔ | |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ:2 | جماعت: دوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ:3 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | | سبق کا نام: "ہمارا سبز ہلالی پرچم" | |

**مقاصد:** ختمہ کی علامت کے بارے میں جان سکیں۔

سوالیہ کی علامت کے بارے میں جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔ صفحہ نمبر 27، ختمہ، سکتہ اور سوالیہ کے فلیش کارڈ

## تحریکی سرگرمی: (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ اس پیریڈ میں ختمہ اور سوالیہ کا استعمال شامل ہے۔
- سب سے پہلے علامتِ ختمہ، سکتہ اور سوالیہ کے فلیش کارڈ بورڈ پر چپکا دیں۔
- اب بچوں سے درسی کتاب کا صفحہ نمبر 27 کھولنے کو کہیں۔
- بچوں سے پوچھیں کہ بورڈ پر چسپاں علامات میں سے کون سی علامت کتاب والی علامت ہے؟
- جوابات حاصل کرنے کے بعد بچوں کو بتائیں کہ کسی بھی جملے کے آخر میں "۔" علامت لگتی ہے۔
- اس علامت کا مقصد عبارت میں ایک جملے کو دوسرے جملے سے الگ کرنا ہے۔
- اب علامتِ ختمہ پر مشتمل کچھ جملے بورڈ پر لکھیں، جیسے:
- احمد کل اسکول آیا تھا۔
- مچھلی پانی میں تیرتی ہے۔
- مجھے میٹھے آم اور انگور پسند ہیں۔
- جملے لکھنے کے بعد ختمہ (۔) کا علامتی فلیش کارڈز بورڈ پر ہی لگا رہنے دیں دوسری علامت کا فلیش کارڈ بورڈ سے اُتار لیں۔ بچوں سے پوچھیں کیا اوپر لکھے گئے جملوں میں انھیں یہ علامت کہیں دکھائی دے رہی ہے؟
- اگر وہ "ہاں" میں جواب دیں تو علامت کی نشان دہی کے لیے بورڈ کے پاس بلوائیں اور علامت کے گرد دائرہ لگوائیں۔
- اس سرگرمی کو مدِ نظر رکھتے ہوئے درسی کتاب کے صفحہ نمبر 27 پر موجود علامتِ ختمہ کی نشان دہی کروائیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (20 منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم اس پیریڈ میں سوالیہ علامت کے بارے میں جانیں گے کہ سوالیہ کی علامت کس شکل کی ہوتی ہے اور یہ علامت جملوں میں کیوں لگائی جاتی ہے؟
- پھر بتائیں کہ کچھ جملے ایسے ہوتے ہیں جن میں کوئی بات پوچھی جاتی ہے، جیسے: آپ کا نام کیا ہے؟
- اسی طرح کے چند جملے بورڈ پر لکھیں جن میں علامت سوالیہ کا استعمال کیا گیا ہو۔

- بچوں سے پوچھیں کہ آپ کو سب سے زیادہ پیار کون کرتا ہے؟
- آپ سب سے زیادہ پیار کس سے کرتے ہیں اور کیوں؟
- کیا آپ اپنے چھوٹے بہن بھائیوں کا خیال رکھتے ہیں؟
- بچوں کو بتائیں کہ اوپر پوچھے گئے سوالوں میں کوئی نہ کوئی بات یا سوال پوچھا گیا ہے اور ان جملوں کے آخر میں "؟" علامت استعمال کی گئی ہے اس لیے یہ جملے سوالیہ جملے ہیں اور جو علامت ان جملوں کے آخر میں لگی ہے اسے سوالیہ علامت کہتے ہیں۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 27 پر موجود جملوں کی پرچیاں پہلے سے تیار کر لیں۔
- بچوں کو دو گروہ میں تقسیم کریں اور ایک گروہ کو جملوں پر مبنی بند پرچیاں تقسیم کریں۔
- جماعت میں بچوں کی تعداد کے تناسب سے جملے زیادہ بھی کیے جاسکتے ہیں۔
- پرچیوں پر جملے سادہ اور کچھ سوالیہ لکھیں لیکن علامات نہ لگائیں۔
- پھر دوسرے گروہ کو ایسی چٹیں دیں جن پر ختمہ اور سوالیہ کی علامت ہو۔
- اب جن کے پاس جملوں کی پرچیاں ہیں، وہ ایک ایک کر کے سامنے آئیں اور چٹ پر لکھا ہوا جملہ پڑھیں۔
- اب جن کے پاس علامات والی پرچیاں ہیں وہ جملہ سُن کر فیصلہ کریں کہ اس جملے کے ساتھ ختمہ لگے گا یا سوالیہ۔
- جس بچے کے پاس متعلقہ علامت ہو گی وہ بچہ سامنے جا کر اس بچے کے پاس کھڑا ہو جائے جس نے جملہ پڑھا۔
- آنے والا بچہ اپنی پرچی والی علامت دکھائے۔ پھر باقی ہم جماعتی بتائیں کہ یہ درست ہے یا نہیں۔
- یہ عمل تیزی سے کیا جائے۔ علامات والی پرچیاں دوسرے بچوں کو دی جاتی رہیں تاکہ زیادہ سے زیادہ بچوں کو عملی طور پر سرگرمی میں حصہ لینے کا موقع مل سکے۔

**اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو مختصراً سبق کا اعادہ کروادیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر کچھ جملے لکھیں۔ ان میں سے کچھ جملے سوالیہ ہوں اور کچھ جملے سادہ ہوں۔ مختلف طلبہ و طالبات سے جملے پڑھنے اور ان جملوں کے آخر میں درست علامات لگانے کا کہیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے اور ورک شیٹ بھی مکمل کر کے لانی ہے۔

# ورک شیٹ

دیے گئے جملے غور سے پڑھیں اور ان کے آخر میں درست علامت لگائیں۔

| | |
|---|---|
| یہ آمنہ کی گڑیا ہے | |
| ماریہ کے ابو ڈاکٹر ہیں | |
| کیا کتاب میز پر ہے | |
| کیا علی نے نئی سائیکل خریدی ہے | |
| بازار سے دہی لاؤ | |
| کیا احمد کو بخار ہے | |
| بلی دیوار پر بیٹھی ہے | |
| کیا کتاب بستے میں ہے | |
| کیا سعدیہ نے کھانا پکالیا ہے | |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ:2 | جماعت: دوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ:3 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | | سبق کا نام: "ہمارا سبز ہلالی پرچم" | |

**مقاصد**: کسی بھی موضوع پر جملے لکھ سکیں۔

لائبریری سے نغموں کی کتاب لا کر پسندیدہ نغمہ سنا سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔ صفحہ نمبر 27، تصاویر، ٹیپ

## تحریکی سرگرمی: (5منٹ)



- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت کے چار گروہ بنائیں اور چار ہی تصاویر جماعت میں لائیں۔
- ان میں سے ہر تصویر کو چار حصوں میں کاٹ لیں اور ہر تصویر کے مکمل چار حصے ایک ایک گروہ کو دے دیں اور ساتھ ہی ایک ٹیپ بھی دے دیں۔
- بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ ان تصاویر کے ٹکڑوں کو جوڑ کر تصویر مکمل کریں اور بورڈ پر ٹیپ کی مدد سے چسپاں کریں۔
- جو گروہ یہ کام جلدی کرلے گا وہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔
- آخر میں تصویر میں دی گئی اس عمارت کے متعلق بچوں کو مختصراً بتادیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25منٹ)

- کتاب کے صفحہ نمبر 27 پر موجود سوال نمبر 11 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے بورڈ پر چند سوالات لکھیں جیسے:
- آپ یوم آزادی پر اپنے گھروں کو سجاتے ہیں؟
- کیا آپ یوم آزادی پر نئے کپڑے بناتے ہیں؟
- کیا آپ اپنے گھر کے علاوہ اپنی گلی اور محلوں کو سجاتے ہیں؟
- ان سولات کے تمام بچوں سے فرداً فرداً جواب حاصل کریں۔
- بورڈ پر موضوع لکھیں "آپ یوم آزادی کس طرح مناتے ہیں؟"
- اس کے بعد جماعت کے بچوں کو الگ الگ بٹھا کر ان کو ہدایت دیں کہ وہ بورڈ پر لکھے گئے موضوع پر اپنی اپنی کاپی میں پانچ پانچ جملے لکھیں۔
- اس کام کے لیے ان کو دس منٹ کا وقت دیں ساتھ ساتھ خود بھی چیک کرتے رہیں کہ بچے درست کام کر رہے ہیں یا نہیں۔
- مناسب وقت میں بچوں کے کام میں میں شریک ہو جائیں تا کہ آپ کے مشورے سے بچے جملے لکھ سکیں۔
- اس مقابلے کو ایک مناسب اختتام دے کر بچوں کو اس مقابلے کا حاصل بھی بتا دیں کہ کیسے جملے لکھے جاسکتے ہیں؟

| |
|---|
| • کتاب کے صفحہ نمبر 27 پر موجود سوال نمبر 12 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے استاد صاحب بچوں کی لائن بنا کر لائبریری میں لے جائیں۔<br>• بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی پسند کے ملی نغموں کی کتاب تلاش کریں۔<br>• کتاب تلاش کرنے کے بعد بچوں کو جماعت میں لے کر آئیں۔<br>• کتاب جماعت میں لے کر آئیں اور ساتھی طلبہ کو بتائیں کہ آپ کو یہ کتاب کیوں پسند ہے؟<br>• سب سے اچھی کتاب منتخب کرنے پر بچوں کو شاباش دیں۔<br>• اس کے بعد بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ اس کتاب میں سے اپنی پسند کا ملی نغمہ اپنے ساتھیوں کو بلند آواز میں لہک لہک کر سنائیں۔<br>• آخر میں بچوں کی حوصلہ افزائی کے لیے تالیاں بجوائیں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو مختصراً جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروادیں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) متفرق بچوں سے ان کا پسندیدہ نغمہ سنیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ:2 | جماعت: دوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ:3 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | سبق کا نام: "امّی ابّو کو بتانا ہے" | | |

**مقاصد:** متن کو درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔ صفحہ نمبر 28 اور 29 ستارے، ٹوکری، پاسا (dice)، گتے کی مثلث


## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)





- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت میں آنے سے پہلے تلفظ سیکھیں کے تمام الفاظ چارٹ پیپر پر لکھ کر لائیں۔
- بچوں کے سامنے میز پر ایک ٹوکری میں "تلفظ سیکھیں" کے چارٹ پیپر کے بنے کارڈ الٹا کر رکھ دیں، جن کی پشت پر ایک تا چھ نمبر لکھے ہوئے ہوں۔ ٹوکری کے پاس پاسا (لڈو کا دانہ) رکھ دیں۔
- کچھ بچوں کو باری باری بلائیں اور انھیں لڈو کا دانہ زمین پر لُڑھکانے کو کہیں۔
- جو نمبر آئے، اس نمبر کا کارڈ ٹوکری میں سے نکالیں اور بچے سے متعلقہ لفظ درست تلفظ کے ساتھ پڑھنے کو کہیں۔
- درست تلفظ پڑھنے پر بچوں کی حوصلہ افزائی اور غلط پر اصلاح کروائیں۔
- اس طرح یہ سرگرمی مختلف بچوں سے باقی الفاظ پر کروائیں۔
- اس کے بعد ان الفاظ کے کارڈ کو "لفظی دیوار" پر چسپاں کر دیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)




- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم کتاب کے صفحہ نمبر 28 اور 29 پر موجود سبق "امّی ابّو کو بتانا ہے" کی پڑھائی کریں گے۔
- سبق "امّی ابّو کو بتانا ہے" کو تین حصوں میں تقسیم کریں۔
- جماعت کے بچوں کے بھی تین گروہ بنا دیں۔
- بچوں کے سامنے گتے کی بنی ہوئی مثلث رکھیں، جس کی ایک طرف پہلا دوسری طرف دوسرا اور تیسری طرف تیسرا لکھا ہوا ہو۔
- اب تینوں گروہوں میں سے ایک ایک بچے کو بلائیں اور اسے مثلث گھما کر لڈو کے دانے کی طرح زمین پر پھینکنے کے لیے کہیں۔
- اب بچوں سے باری باری تفویض کردہ پیراگراف کی با آواز بلند خواندگی کریں۔
- اس دوران میں خیال رکھیں کہ بچے درست تلفظ سے پڑھیں۔
- جہاں بچوں کو کوئی لفظ پڑھنے میں دقّت پیش آ رہی ہو گی تو اس کی اساتذہ راہ نمائی کریں گے۔

- علاوہ ازیں پڑھنے کے دوران میں جن الفاظ کا بچے تلفظ غلط ادا کریں، وہ بورڈ پر لکھتے جائیں اور جب بچہ پیراگراف یا متعلقہ جملوں کی خواندگی مکمل کر لے تو اس کی اصلاح کریں۔
- دورانِ پڑھائی میں کی جانے والی غلطیوں پر بچوں کو ٹوکا نہ جائے۔
- اس سے بچے اپنی خود اعتمادی کھو دیتے ہیں اور جماعت کی سرگرمیوں میں حصہ لینے پر جھجک محسوس کرتے ہیں۔
- ہر پیراگراف کی خواندگی کے بعد بچوں سے اس سے متعلق مختلف سوالات کریں تاکہ ان کی فہم کا جائزہ لیا جاسکے۔

**اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو مختصراً جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروادیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بچوں کے دو گروہ بنادیں۔ ایک گروہ پڑھائے گئے سبق میں سے کوئی سوال پوچھے اور دوسرا گروہ سبق کے اس پیراگراف کی بلند خوانی کرے، جس میں اس سوال کا جواب موجود ہو۔ اسی طرح سے پھر دوسرا گروہ کوئی سول پوچھے اور پہلا گروہ متعلقہ پیراگراف کی بلند خوانی کرے۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔